ماہِ محرم الحرام کی آمد پر تلنگانہ کے وزیر برائے اقلیتی بہبود جناب محمد اظہر الدین نے شہرِ حیدرآباد کے مختلف عاشور خانوں کا دورہ کرتے ہوئے وہاں کیے گئے انتظامات کا جائزہ لیا۔اس موقع پر انہوں نے الاہ بی بی مبارک دبیر پورہ میں حاضری دی اور تاریخی علمِ بی بی مبارک کی زیارت کی۔ان کے ہمراہ جناب مرزا ریاض الحسن آفندی ایم ایل سی (AIMIM) اور دیگر معزز شخصیات بھی موجود تھیں۔

تاریخی علم بی بی مبارک کی سواری کیلئے ہتھنی 'سری دیوی' کیرالا سے حیدرآباد پہنچ گئی

حیدرآباد۔/17 جون (رپورٹر باقر علی) 10 محرم الحرام یومِ عاشورہ کے موقع پر برآمد ہونے والے تاریخی جلوسِ علمِ بی بی مبارک کی سواری کے لیے کیرالا سے لائی گئی ہتھنی "سری دیوی" حیدرآباد پہنچ چکی ہے الاوہ سرطوق مبارک دارالشفا میں سلامی دینے کے بعد حسبِ روایت ہتھنی کو قلی قطب شاہ اربن ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے احاطے میں رکھا گیا ہے جہاں اس کی مناسب دیکھ بھال کے ساتھ ضروری خوراک اور دیگر سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رکنِ اسمبلی حلقہ چارمینار جناب میر ذوالفقار علی (AIMIM) نے بتایا کہ صدر کل ہند مجلس اتحادالمسلمین (AIMIM) ورکنِ پارلیمان حیدرآباد جناب بیرسٹر اسدالدین اویسی اور مجلس فلور لیڈر جناب اکبرالدین اویسی کی ہدایت پر علمِ بی بی مبارک کی سواری کے لیے ہتھنی "سری دیوی" کو بلا تاخیر اور بغیر کسی رکاوٹ کے کیرالا سے حیدرآباد منتقل کیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ آل انڈیا مجلس اتحادالمسلمین محرم الحرام کے انتظامات کو بہتر بنانے اور عزاداران کو سہولیات فراہم کرنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔ہتھنی کی ریہرسل کے بارے میں پوچھے گئے سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ چونکہ ہتھنی ابھی حیدرآباد پہنچی ہے اس لیے اس کی صحت اور آرام کا مکمل خیال رکھا جا رہا ہے جس کے بعد بہت جلد ریہرسل کا انعقاد کیا جائے گا۔جناب میر ذوالفقار علی نے اس موقع پر جناب مرزا ریاض الحسن آفندی ایم ایل سی اور جناب علمدار والا جاہی سابق کارپوریٹر کی محرم الحرام کے انتظامات کے سلسلے میں کی گئی نمائندگی اور خدمات کو سراہتے ہوئے ان کی کاوشوں کی ستائش کی۔اس موقع پر جناب سید اصغر زیدی سمیت مجلس کے دیگر ذمہ داران اور کارکنان بھی موجود تھے۔

حکومت کی ترجیح محرم کے اجتماعات پرامن ماحول میں منعقد ہوں: محمد اظہر الدین

حیدرآباد۔/17 جون (سفیر نیوز/صدائے حسینی) تلنگانہ کے وزیر اقلیتی بہبود محمد اظہر الدین نجید رآباد پرانے شہر میں واقع بی بی کا الاوہ پر حاضری دی۔اس موقع پر ان کے ہمراہ یاقوت پورہ رکن اسمبلی جعفر حسین معراج، ایم ایل سی ریاض الحسن آفندی، چارمینار ایم ایل اے میر ذوالفقار علی، محکمہ اقلیتی بہبود کے سکریٹری بی شفیع اللہ اور دیگر موجود رہے۔شیعہ برادری کے افراد، بی بی کیالاوہ ذمہ دار نے اظہر الدین اور دیگر کو تبرکات پیش کئے۔ریاستی وزیر نے بی بی کے علم پر ڈھٹی پیش کی اور محرم کے موقع پر کئے گئے انتظامات کا جائزہ لیا۔محمد اظہر الدین نے کہا کہ حکومت کی ترجیح ہے کہ محرم کے اجتماعات پرامن ماحول میں منعقد ہوں اور زائرین کو بنیادی سہولیات، صفائی، پانی، روشنی اور دیگر ضروری انتظامات فراہم کیے جائیں۔محمد اظہر الدین نے زائرین کو بہتر سہولیات فراہم کرنے اور پرامن انعقاد کو یقینی بنانے کے لیے متعلقہ عہدیداروں کو ضروری ہدایات جاری کیں۔انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ عوامی سہولت اور مذہبی پروگراموں کے کامیاب انعقاد کے لیے تمام محکمے باہمی تال میل کے ساتھ کام کریں۔انھوں نے بتایا کہ نقائص سے پاک انتظامات کرنے کی تمام محکموں کو ہدایت دی گئی ہے۔ اظہر الدین نے اعلان کیا کہ حکومت کی جانب سے چار دن تک عوام میں تبرک پیش کیا جائیگا۔ ہر دن 12 کنٹل تبرک عقیدت مندوں میں تقسیم کیا جائیگا۔ بی کیالاوہ میں زائرین کو گرمی سے محفوظ رکھنے کیلئے کولر کا انتظام کیا گیا ہے۔ انھوں نے بتایا کہ وزیر اعلی محرم کے انتظامات پر خاص توجہ دے رہی ہیں۔محرم کیا نتظامات کیلئے حکومت کی جانب سے بجٹ میں اضافہ کیا گیا ہے۔ یوم عاشورہ کے انتظامات کیلئے بہتر سے بہتر انتظامات کئے جائیں گے۔بی بی کا الاوہ حیدرآباد میں محرم کے اہم تاریخی مقامات میں شمار کیا جاتا ہے، جہاں ہر سال بڑی تعداد میں عزادار اور زائرین شرکت کرتے ہیں۔حکومت کی جانب سے محرم کے موقع پر امن وامان اور سہولیات کو یقینی بنانے کے لیے خصوصی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

ایس آئی آر کے ذریعے مسلم ووٹوں کو نشانہ بنانے کی سازش ہوسکتی ہے؟: وزیر اظہر الدین

حیدرآباد۔17/جون (سفیر نیوز/صدائے حسینی) تلنگانہ کے وزیر اظہر الدین نے ووٹر لسٹ کی اسپیشل انٹینسیو ریویژن (SIR) مہم پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے دعوی کیا ہے کہ اس عمل کے ذریعے مسلم ووٹوں کو نشانہ بنانے کا خدشہ ہے۔گاندھی بھون میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اظہر الدین نے کہا کہ اگرچہ SIR کا عمل تمام ووٹروں کے لیے ہے، لیکن اندیشہ ہے کہ اس کے نام پر خاص طور پر مسلمانوں کے ووٹ حذف کیے جا سکتے ہیں۔

خصوصی نظر ثانی مہم کے سلسلے میں تسلیم شدہ سیاسی جماعتوں کے نمائندوں کے ساتھ جائزہ اجلاس

حیدرآباد۔ / 17 جون) سفیر نیوز /صدائے حسینی (گریٹر حیدرآباد میونسپل کارپوریشن (GHMC) کے کمشنر اور ضلع الیکشن آفیسر جناب آر وی کرنن آئی اے ایس نے ضلع کلکٹر حیدرآباد ڈاکٹر پریانکا آلا، آئی اے ایس، اور ایڈیشنل کمشنر) الیکشن (محترمہ کے۔ چندرکلا کے ہمراہ جی ایچ ایم سی ہیڈ آفس کے اجلاس ہال میں تسلیم شدہ سیاسی جماعتوں کے نمائندوں کے ساتھ انتخابی فہرستوں کی خصوصی جامع نظر ثانی (Special Intensive Revision - SIR) کے سلسلے میں ایک جائزہ اجلاس منعقد کیا۔اجلاس کے دوران کمشنر نے خصوصی نظر ثانی مہم کے طریقہ کار سے متعلق تفصیلی معلومات فراہم کرتے ہوئے شفاف، جامع اور غلطیوں سے پاک انتخابی فہرستوں کی تیاری کی اہمیت پر زور دیا۔انہوں نے بتایا کہ تمام اہل رائے دہندگان کو انگریزی زبان میں اندراجی فارم (Enumeration Forms) فراہم کیے جائیں گے تاکہ وہ آسانی سے معلومات درج کر کے فارم جمع کرا سکیں۔کمشنر نے سیاسی جماعتوں کے نمائندوں سے اپیل کی کہ وہ بوتھ لیول آفیسرس (BLOs) کے ساتھ مکمل تعاون کریں اور انتخابی نظر ثانی کے عمل کے دوران ان کی ذمہ داریوں میں کسی قسم کی رکاوٹ پیدا نہ ہونے دیں۔انہوں نے یہ بھی درخواست کی کہ بھرے ہوئے فارم مقررہ مدت کے اندر جمع کروانے کو یقینی بنایا جائے۔انہوں نے واضح کیا کہ جو رائے دہندگان اندراجی فارم جمع نہیں کروائیں گے، ان کے نام مجوزہ انتخابی فہرست (Draft Electoral Roll) میں شامل نہ کیے جانے کا امکان ہے۔اجلاس میں سیاسی جماعتوں کے نمائندوں نے بھی مختلف تجاویز اور آرا پیش کیں، جن پر انتخابی حکام نے غور کرنے کا یقین دلایا۔

محرم الحرام کے دوران سبیلوں کیلئے اضافی واٹر ٹینکرس فراہم کرنے کا مطالبہ، علمدار والا جاہی کی واٹر ورکس حکام سے ملاقات

حیدرآباد۔/17 جون (سفیر نیوز/صدائے حسینی) محرم الحرام کے دوران عزاداروں کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے مقصد سے سابق کارپوریٹر جناب علمدار والا جاہی (AIMIM) نے آج واٹر ورکس کے جنرل منیجر سے ملاقات کرتے ہوئے چارمینار اور یاقوت پورہ اسمبلی حلقوں میں قائم سبیلوں کے لیے اضافی واٹر ٹینکرس فراہم کرنے کی درخواست پر مشتمل ایک مکتوب پیش کیا۔یہ نمائندگی صدر کل ہند مجلس اتحادالمسلمین ورکن پارلیمان حیدرآباد جناب بیرسٹر اسدالدین اویسی، فلور لیڈر ورکن اسمبلی چندرائن گٹہ جناب اکبرالدین اویسی، رکن اسمبلی چارمینار جناب میر ذوالفقار علی، رکن اسمبلی یاقوت پورہ جناب جعفر حسین معراج، یاقوت پورہ انچارج جناب یاسر عرفات، ایم ایل سیز جناب مرزا ریاض الحسن آفندی اور جناب مرزا رحمت بیگ قادری، نیز سینئر قائد جناب شہریار والا جاہی کی قیادت میں انجام دی گئی۔اس موقع پر AIMIM کے علاقائی صدر جناب سید اسد عابدی، جناب حسین والا جاہی اور دیگر کارکنان بھی موجود تھے۔وفد نے محرم الحرام کے دوران سبیلوں پر پانی کی بڑھتی ہوئی ضرورت کے پیش نظر اضافی ٹینکرس کی فراہمی کو یقینی بنانے کی اپیل کی تاکہ عزاداران اور عوام کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

مستقبل میں تلنگانہ کی تعمیر نو شیشے کے گھروں میں نہیں بلکہ کلاس رومز میں

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے حکومت کی جانب سے شروع کردہ پہلا 'تلنگانہ پبلک اسکول' کا افتتاح کیا

حیدرآباد۔ 17/ جون (سفیر نیوز/ صدائے حسینی) تلنگانہ سی ایم ریونت ریڈی نے کہا کہ مستقبل میں تلنگانہ کی تعمیر نو شیشے کے گھروں میں نہیں بلکہ کلاس رومز میں ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ یہ طلبا پر خرچ کرنا نہیں ہے بلکہ ریاست کے مستقبل میں سرمایہ کاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم ہی زندگیوں کو یکسر بدل سکتی ہے۔ ریونت ریڈی نے کہا کہ سرکاری اسکولوں میں پڑھنے والے طلبا مستقبل میں وزیر اعظم، وزیر اعلی، آئی اے ایس، آئی پی ایس، ڈاکٹر، انجینئر، وکیل اور عوامی نمائندے بھی بن سکتے ہیں۔انہوں نے مشورہ دیا کہ کوئی بھی سرکاری اسکولوں میں پڑھنے کو حقیر نہ سمجھیں۔سرکاری سکولوں کے ذریعے مٹی سے ہیرے نکالے جائیں گے۔وزیر اعلی نے بدھ کو رنگا ریڈی ضلع کے ارتولہ میں تلنگانہ پبلک اسکول کا افتتاح کرنے کے بعد طلبا سے خطاب کیا۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ یہ اسکول پوری ریاست کے لیے ایک تحریک کا کام کرے گا۔انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت شعبہ تعلیم پر سالانہ 27 ہزار کروڑ روپیوں سے زیادہ خرچ کر رہی ہے۔کہا کہ ایجوکیشن کمیشن کے چیئرمین آکنوری مرلی نے دیہی علاقوں سے لے کر عالمی معیار کے تعلیمی اداروں تک ہر چیز کا جائزہ لینے کے بعد ایک جامع رپورٹ پیش کی ہے۔ انہوں نے وضاحت کی کہ تلنگانہ پبلک اسکولس کا خیال اسی کی بنیاد پر تشکیل دیا گیا تھا۔ وزیر اعلی نے کہا کہ اس پروگرام کو ارولٹا گاں کا انتخاب کر کے شروع کیا گیا تھا جس کا مقصد معیاری تعلیم کو سب تک رسائی فراہم کرنا ہے۔انہوں نے کہا کہ اس سکول میں داخلوں کے لیے زبردست رسپانس ملنا باعث خوشی ہے۔انہوں نے کہا کہ حقیقت یہ ہے کہ 'نو داخلہ 'بورڈ لگانا اساتذہ کی کاوشوں کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ انہوں نے سکول سٹاف کو خصوصی طور پر مبارکباد دی۔وزیر اعلی نے کہا کہ تعلیم کے ساتھ ہنر کی بھی ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ صرف تعلیم ہی کافی نہیں، طلبا میں پیشہ وارانہ صلاحیتیں پیدا کی جائیں۔اسی لیے انہوں نے کہا کہ ینگ انڈیا اسکل یونیورسٹی قائم کی گئی ہے۔انہوں نے انکشاف کیا کہ وہاں تربیت یافتہ نوجوانوں کو روزگار کے مواقع مل رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ تلنگانہ کو کھیل کے میدان میں بھی آگے بڑھنے کی ضرورت ہے۔انہوں نے ارولٹا کے طلبا کی شاندار فٹ بال کھیلنے پر تعریف کی۔ انہوں نے یقین دلایا کہ حکومت کھیلوں میں پسماندگی پر قابو پانے کی ذمہ داری لے گی۔ انہوں نے کہا کہ انہوں نے عالمی شہرت یافتہ فٹبالر میسی کو حیدرآباد لا کر نوجوان کھلاڑیوں کو متاثر کرنے کی کوشش کی۔انہوں نے یہ بھی انکشاف کیا کہ ینگ انڈیا اسپورٹس یونیورسٹی جلد ہی کھول دی جائے گی۔وزیر اعلی نے کہا کہ سماج میں ذات پات کے امتیاز کو کم کرنے کے لیے مربوط اسکولوں کو لایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انہوں نے سرکاری اسکولوں کے ذریعے دیہی علاقوں کی مٹی میں جواہرات تلاش کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ طلبا کو بہترین سہولیات اور معیاری تعلیم کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔سی ایم ریونت ریڈی نے کہا کہ اس پروگرام کو اس زمین پر شروع کرنا خوشی کی بات ہے جہاں نظام کی حکمرانی اور رضا کاروں کے خلاف لڑنے والے اروتلا رام چندر ریڈی اور اروتلا کملا دیوی جیسے عظیم لوگوں کی تحریک ملتی ہے۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ یہاں کے طلبا میں بھی ان کی لڑائی کا جذبہ نظر آئے گا۔انہوں نے کہا کہ اروتلا کو منتخب کرنے کے پیچھے یہی وجہ ہے، حالانکہ ان کے اپنے حلقہ میں اس اسکول کو شروع کرنے کا امکان ہے۔قبل ازیں سی ایم ریونت ریڈی نے اسکول کے احاطے کا معائنہ کیا۔انہوں نے طلبا کے ساتھ ناشتہ کیا۔

پالیرو میں پارٹی کارکنان کے اجلاس سے کے ٹی آر کا خطاب، کانگریس حکومت پر شدید تنقید

کھمم۔/17 جون (سفیر نیوز/صدائے حسینی) بھارت راشٹرا سمیتی (BRS) کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ (KTR) نے پالیرو میں منعقدہ پارٹی کارکنان کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ریاستی حکومت اور وزیر مالیات وٹھصولات پر شدید تنقید کی۔انہوں نے الزام عائد کیا کہ ریاست کی مالی حالت دن بہ دن کمزور ہوتی جا رہی ہے، جبکہ بعض وزرا کی دولت اور مبینہ بدعنوانی میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔کے ٹی آر نے وزیر محصولات پی سرینواس ریڈی کو ہدفِ تنقید بناتے ہوئے کہا کہ ان کے خلاف ماضی میں ای ڈی کی کارروائیوں کے باوجود آج تک کوئی واضح نتیجہ سامنے نہیں آیا۔انہوں نے الزام لگایا کہ ریاست بھر میں زمینوں اور معدنی وسائل کے معاملے میں بڑے پیمانے پر بے ضابطگیاں ہو رہی ہیں اور عوامی مفادات کو نقصان پہنچایا جا رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ کانگریس حکومت کسان مخالف پالیسیوں پر عمل پیرا ہے اور دوبارہ اراضی محصول (لینڈ ٹیکس) نافذ کرنے کی تیاری کر رہی ہے، جس سے کسانوں پر اضافی مالی بوجھ پڑے گا۔کے ٹی آر نے سوال کیا کہ حکومت نے عوام کو مکانات کی فراہمی کے جو وعدے کیے تھے، ان پر اب تک کیا پیش رفت ہوئی ہے۔بی آر ایس قائد نے مزید الزام لگایا کہ ریاست میں ریت، اراضی اور دیگر وسائل کے معاملات میں بدعنوانی بڑھ رہی ہے جبکہ عوامی مسائل پس منظر میں چلے گئے ہیں۔انہوں نے دعوی کیا کہ پالیر سمیت ریاست کے مختلف علاقوں میں عوام کانگریس حکومت کی کارکردگی سے مایوس ہیں اور آئندہ انتخابات میں بی آر ایس کو دوبارہ کامیابی حاصل ہوگی۔انہوں نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ عوامی مسائل کو اجاگر کرتے ہوئے پارٹی کو مزید مضبوط بنانے کے لیے سرگرم کردار ادا کریں۔



ایڈیٹر، پرنٹر، پبلشر و مالک سید جعفر حسین نے روزنامہ 'صدائے حسینی' کوسری شیٹائی انٹر پرائزیز' پلاٹ نمبر 19' آئی ڈی اے' بالانگر' آر آر ڈسٹرکٹ' تلنگانہ 037 500 (انڈیا) سے چھپوا کر 18-7-306/146' امان نگر (اے) سے شائع کیا۔رجسٹرڈ نمبر: RNI No.APURD/2009/30780' پوسٹل رجسٹریشن نمبر HSE/910/213/215۔